سوال

(19) نبی کو گالی دینے والے کی توبہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عند الحنفیہ سب نبی کی توبہ مقبول ہوتی ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وابویوسف رحمۃ اللہ علیہ ومحمد رحمۃ اللہ علیہ وغیرہم من الفقہاء الحنفیۃ کے نزدیک سب نبی کی توبہ قبول ہوتی ہے۔ اور ابن نجیم سے اشباہ ونظائر میں اور صاحب بزازیہ وغیرہ سے اس مسئلہ کی نقل میں خطا واقع ہوئی ہے: من شاء الاطلاع علیہ فلیراجع الی رد المختار حاشیہ الدر المختار واللہ اعلم بالصواب حررہ السید شریف حسین عفی عنہ۔ (سید محمد نذیر حسین)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نذیریہ

جلد: 2، کتاب التوبہ: صفحہ: 67

محدث فتویٰ